# ضروریات زندگی پر خمس نہ ہونے کا معیار

**22 /Nov/ 2016**

س: کیا سال کے کاروباری منافع میں سے حاصل شدہ اموال کے اخراجات زندگی میں خمس کے واجب نہ ہونے کا معیار یہ ہے کہ اس کو سال کے اندر ہی استعمال میں لایا جائے یا اس سال میں ان کی ضرورت ہونا ہی کافی ہے خواہ ان کو استعمال کرنے کا کوئی موقع نہ بھی ملے؟

ج: کپڑے، فرش وغیرہ جیسی اشیاءکہ جن سے استفادہ کرنے کے باوجود وہ باقی رہتی ہیں،ان میں خمس کے واجب نہ ہونے کا معیار صرف ان کی ضرورت ہونا ہے۔ لیکن روزمرہ کی ضروریات زندگی جیسے چاول، گھی وغیرہ تو ان کا معیار سال کے اندر ان کا خرچ ہونا ہے، لہذا ان میں سے سال کے خرچ سے جو کچھ بچ جائے اس میں خمس واجب ہے۔